© rasailojaraid.com

# اعلان

اسلام کی تعلیم کو اس کی صحیح فطری صورت میں حکمت اور موعظت حسنہ کے ساتھ پھیلانے کی جو کوشش "ترجمان القرآن" میں کی جا رہی ہے، اس کا دائرہ وسیع کرنے کے لیے ضرورت ہے کہ دوسری زبانوں میں بھی اسی طرز کے رسالے جاری کیے جائیں خصوصیت کے ساتھ انگریزی زبان میں ایسے ایک رسالے کی اشاعت بہت ضروری ہے تاکہ دنیائے اسلام کی نئی نسلوں اور مغربی قوموں تک بھی قرآن مجید کی ہدایت کو ایک بین الاقوامی زبان کے ذریعہ سے پہنچایا جا سکے۔ خدا کا شکر ہے کہ اس نے اس کام کے لیے ہمارے فاضل دوست پروفیسر ڈاکٹر سید عبد اللطیف صاحب کو آمادہ کر دیا ہے، جو انگریزی زبان میں ایک اعلیٰ درجہ کے انشا پرداز ہونے کی حیثیت سے کافی شہرت رکھتے ہیں۔ ان کی ادارت میں عنقریب (Voice of Islam) کے نام سے ایک سہ ماہی رسالہ جاری ہونے والا ہے جس کے مقاصد اور اصول وہی ہوں گے جو "ترجمان القرآن" کے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کی قابلیت سے بجا طور پر توقع کی جا سکتی ہے کہ ان کی ادارت میں یہ رسالہ نہ صرف علمی حیثیت سے بلکہ ادبی حیثیت سے بھی انگریزی صحافت میں ایک بلند مرتبہ حاصل کرے گا۔ اور اتنا باوقعت ہوگا۔ کہ اس کے ذریعہ سے جن خیالات اور علوم کی اشاعت کی جائے گی وہ انگریزی خواں پبلک کے دماغوں پر قوت اور وزن کے ساتھ اثر انداز ہو سکیں گے۔

امید ہے کہ آئندہ ماہ شوال (جنوری سنہ ۱۹۳۶ء) تک اس کی اشاعت شروع ہو جائے گی۔

© rasailojaraid.com